2014 اقلیتی کمیشن کی حصولیابی کا سال رہا: نوشاد احمد

پٹنہ (پی آر) بہار ریاستی اقلیتی کمیشن کے چیرمین نوشاد احمد نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ گذشتہ سال اقلیتی کمیشن کے لئے حصولیابیوں کا سال رہا۔ بیتے سال میں اقلیتی کمیشن نے کئی سنگ میل قائم کئے اور تاریخی کارنامے دئے ہیں۔ چیرمین موصوف نے بتایا کہ گذشتہ سال ڈیڑھ ہزار سے زیادہ مکتوبات مختلف محکموں اور دفاتر کو روانہ کئے گئے جو اپنے میں ایک ریکارڈ ہے۔ تین درجن سے زیادہ سفارشات مرکزی اور ریاستی سرکاروں کے محکموں اور اداروں کو بھیجے گئے۔ عوام کی شکایات کا ازالہ کافی صد کافی اچھا رہا اور سفارشات پر عمل درآمد کے معاملے میں بھی کافی پیش رفت ہوئی۔ پچھلے سال اس کے پہلے کے سالوں کے مقابلہ زیادہ عرضیاں موصول ہوئیں اور انکا تدارک بھی کیا گیا۔ کمیشن کی تاریخ میں 2014 کے رپورٹ کو کابینہ نے منظوری دیتے ہوئے قانون ساز یہ کے دونوں ایوانوں میں اسے پیش کیا گیا۔ اقلیتی کمیشن نے اسی سال کئی نئے کاموں کا آغاز بھی کیا۔ کمیشن نے اقلیتوں کے مسائل پر اخبارات میں شائع شدہ خبروں کو عرضی مانتے ہوئے اخبارات میں شائع شدہ ڈیڑھ سو سے زائد خبروں پر کاروائی کی۔ یہ ایک نئی پہل تھی جس کی کافی ستائش ہوئی اور نتیجہ بھی خاطر خواہ رہا۔ پہلی بار اقلیتی کمیشن کے چیرمین کو ریاستی سطح کی بینکرس میٹنگ میں بلایا گیا۔ اقلیتوں کو بینکوں کے ذریعہ مالی امداد دینے کے لئے ریاستی سطح کی بینکرس کمیٹی کی خصوصی میٹنگ بلائی گئی۔ اقلیتی کمیشن کا ویب سائٹ تیار ہو چکا ہے جس کا اس نئے سال میں افتتاح ہوگا۔ ٹال فری فون بھی بہت جلد چالو ہونے جا رہا ہے۔ 2006 میں حکومت کو پیش کردہ کمیشن کے ذریعہ مسلمانوں کی سماجی، اقتصادی اور تعلیمی سطح کے سروے رپورٹ (آدری کا رپورٹ) کی سفارشوں کا اے ٹی آر بھی طباعت کے مرحلے میں ہے جسے کمیشن کے خصوصی رپورٹ کے طور پر ریاستی حکومت کو پیش کیا جائیگا۔ نوشاد احمد نے بہار کے عوام کو نئے سال کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دانشور اور بیدار طبقے سے گذارش کی ہے کہ وہ اقلیتی آبادی کے مسائل کے حل میں نئے سال میں بھی پہلے کی طرح تعاون کریں۔ ساتھ ہی انہوں نے اقلیتی آبادی سے اپنے مسائل کے کے لئے کمیشن سے رجوع کرتے رہنے کی اپیل کی ہے۔ تمام محکموں کے عہدہ داران کو بھی مبارکباد دیتے ہوئے انہوں نے اقلیتوں کے فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کے حل میں کمیشن سے ماضی کی طرح بھرپور تعاون کرتے رہنے کی امید ظاہر کی ہے۔ چیرمین موصوف نے کمیشن کی تاریخی حصولیابیوں پر خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ممبر سکریٹری ڈاکٹر منصور احمد اعجازی، میڈیا انچارج محمد فاروق الزماں، پی آئی او ممتاز احمد و دیگر تمام معاونین کے مخلصانہ کاوشوں کی تعریف کرتے ہوئے اظہار تشکر کا اظہار کیا ہے۔

Farooqui Tanjeem 3/1/15